© rasailojaraid.com





# حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔

کتاب: مجموعہ خطبات
مرتب: قاری جمیل الرحمن اختر
ضخامت: ۴۰۰ صفحات
قیمت: ۱۵۰ روپے
ناشر: انجمن خدام الاسلام حنفیہ قادریہ ۔28 جی ٹی روڈ باغبان پورہ لاہور

مولانا قاری جمیل الرحمن اختر کا نام دینی حلقوں میں جانا پہچانا ہے۔ وہ انجمن خدام الاسلام لاہور کے رئیس ہیں۔ مدرسہ و مسجد کے ساتھ ساتھ اجتماعی دینی امور میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں اور معتدل سوچ رکھنے والے مخلص و انتھک کارکن ہیں۔

انجمن خدام الاسلام کے زیر اہتمام متعدد دینی کتابیں شائع کر چکے ہیں۔ اکابر علماء کے خطبات کی اشاعت میں خاص دلچسپی رکھتے ہیں، زیر مطالعہ کتاب "مجموعہ خطبات" بھی اسی ذوق کی تسکین و تکمیل ہے۔ اس خوبصورت کتاب میں درج ذیل علماء و خطباء کے خطبات شامل ہیں۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر، مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود، حضرت مولانا محمد اجمل خان، حضرت مولانا زاہد الراشدی، قاری محمد حنیف ملتانی، مولانا عبدالکریم ندیم اور مولانا محمد امین صفدر حجیت حدیث، حدود و تعزیرات، عورت کا مقام، درود شریف اور قرآنی اعجاز، سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم، مقام صحابہ، قسمیں کھانے کی حکمت، سیرت شمس الضحیٰ فی سورت والضحیٰ، میلاد، سنت و بدعت، انسانی حقوق کا مغربی تصور، قرآن فہمی میں سنت نبوی کی اہمیت اور برصغیر میں علماء حق (دیوبند) کی دینی و علمی اور قومی و سیاسی خدمات ایسے اہم موضوعات پر درج بالا حضرات کے ناصحانہ علمی بیانات اس کتاب کی زینت ہیں۔ جبکہ مولانا جمیل الرحمن اختر کی حسنِ ترتیب نے کتاب کو مزید دل کش بنا دیا ہے۔ دینی مدارس کے طلباء، خطباء اور اجتماعی کام کرنے والے دینی کارکنوں کے استفادہ کے لیے یکساں مفید اور معلومات افزا کتاب ہے۔ (تبصرہ: خادم حسین)

کتاب: قادیانی شبہات کے جوابات
ترتیب: مولانا اللہ وسایا
ضخامت: ۲۸۸ صفحات
قیمت: ۱۰۰ روپے
ناشر: عالمی مجلس تحفظِ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان

فتنۂ قادیانیت بلاشبہ عصرِ حاضر کا سب سے بڑا فتنہ ہے۔ انگریز نے اس فتنہ کی پرورش اور آبیاری کی۔ برصغیر میں اسلام کو سب سے زیادہ نقصان اسی فتنۂ خبیثہ سے پہنچا۔ اس فتنہ کی حقیقت کو سمجھنے کے لیے اس کے بانی مرزا قادیانی آنجہانی کا قول ہی قولِ فیصل ہے۔ اس نے لکھا کہ " میں انگریز کا خود کاشتہ پودا ہوں۔ میرا خاندان سلطنت انگلشیہ کا سچا خیر خواہ اور وفادار ہے۔ مسئلہ ختمِ نبوت اور رفع و نزول سیدنا عیسیٰ علیہ السلام عام طور پر قادیانیوں کی گفتگو کے بنیادی موضوعات ہیں۔ وہ انہی موضوعات پر سادہ لوح مسلمانوں میں بحث و تمحیص کر کے انہیں گمراہ کرتے ہیں۔
مجلس تحفظِ ختمِ نبوت کے مرکزی رہنما مولانا اللہ وسایا نے بڑی عرق ریزی کے ساتھ اکابر علماء کی

© rasailojaraid.com